أردو
Urdu

عمرتي

مكتب الدعوة بالروضة
www.arrawdah.com


عمرہ کے ارکان واعمال کی ترتیب

اور تفصیل، اوران کے احکام


إعداد : ياسر بن محمد الفهيد



@ARRAWDAH









تلبیہ کے الفاظ:

لبیک اللھم لبیک، لبیک لاشریک لک لبیک، ان الحمد والنعمۃ لک و الملک لاشریک لک.

طواف اور سعی کے لئے خصوصی ہدایت: مسلمان کو چاہیے کہ طواف اور صفا مروہ کے درمیان سعی کے دوران خشوع، خضوع اور عاجزی کا مظاہرہ کرے، جس کے گھر کا طواف کیا جاتا ہے اس رب کی عظمت اور بڑائی کا احساس کرے، اور اس سے دعا مانگنے پر خاص توجہ دے۔



حالت احرام میں ممنوعہ کام:

بال نکالنا، ناخن لینا، خوشبو کا استعمال، بیوی کے ساتھ مباشرت کرنا، شکار کرنا، نکاح یا منگنی کرنا کروانا، سلا ہوا کپڑا پہننا (مردوں کے لیے)، سر ڈھانپنا، عورتوں کا نقاب یا برقع سے چہرے کو چھپانا، عورتوں کا دستانے پہننا۔

اعداد وترتیب: یاسر بن محمد الفہید نظر ثانی: سعد بن ترکی الخثلان ترجمہ: ابوحماد امان اللہ یوسفزئی

عمرہ کے ارکان واعمال کی ترتیب اور تفصیل، اوران کے احکام

اعمال	ت	تفصیلات	درجہ	مخالفت کی صورت میں
(پہلا رکن) احرام باندھنا اور نیت کرنا	۱	عمرہ کی نیت کرنے اور احرام باندھنے سے پہلے نہانا	سنت	کوئی حرج نہیں
	۲	احرام کے لئے سفید چادر کا انتخاب (خواتین کے لئے احرام کا کوئی مخصوص لباس نہیں)	سنت	کوئی حرج نہیں
	۳	میقات سے نیت کرنا اور عبادت میں داخل ہونا (میقات پہنچ کر یہ بولنا ہے: اللھم لبیك عمرة، یا لبیك عمرة)	واجب	واپس میقات جانا یا دم دینا ہوگا
	۴	میقات سے عمرہ شروع کرنے سے پہلے نماز پڑھنا (فرض نماز کے بعد احرام باندھے یا دو رکعت تحیۃ الوضوء پڑھ کر)	سنت	تحیۃ الوضوء نہ پڑھنے سے کوئی حرج نہیں
	۵	میقات سے پہلے (عمرے کی عبادت میں داخل ہونے کی) نیت کرنا اور اللھم لبیک عمرۃ کہنا	مکروہ	کوئی حرج نہیں
	۶	اگر راستے میں رکاوٹ پیدا ہونے کا ڈر ہو تو نیت کرتے وقت یہ کہے: اللھم لبیك عمرة فان حبسنی حابس فمحلی حیث حبستنی		حج اور عمرہ کے لئے نیت کرتے مذکورہ الفاظ کہنے سے شرط لگائی تو جہاں رکاوٹ پیدا ہوگئی وہاں اپنا احرام کھول کر اپنے آپ کو آزاد کر سکتا ہے۔
	۷	میقات میں مسجد کے بغیر کسی اور جگہ سے احرام باندھنا	جائز	کوئی حرج نہیں
	۸	میقات سے تلبیہ پڑھنا، مرد حضرات کو بلند آواز کے ساتھ پڑھنا چاہئے	سنت	کوئی حرج نہیں
(دوسرا رکن) طواف ایک طواف میں سات چکر ہوتے ہیں	۱	مکہ میں داخل ہونے سے پہلے نہانا	سنت	کوئی حرج نہیں
	۲	طواف کے لئے باوضو ہونا	واجب	بغیر وضو طواف نہیں ہوتا
	۳	مسجد حرام میں داخل ہوتے وقت دایاں پاؤں آگے کر کے یہ دعا پڑھ لے (بسم اللہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، اللھم اغفر لی ذنوبی، وافتح لی ابواب رحمتك، اعوذباللہ العظیم وبوجھه الکریم وسلطانه القدیم من الشیطان الرجیم)	سنت	کوئی حرج نہیں
	۴	تلبیہ کو طواف شروع کرنے تک جاری رکھنا	سنت	کوئی حرج نہیں
	۵	طواف حجر اسود کے برابر ہو کر اس طرح شروع کرنا کہ خانہ کعبہ آپ کے بائیں طرف ہو	واجب	طواف درست نہیں
	۶	طواف کے ہر چکر میں حجر اسود کو بوسہ دینا، یا ہاتھ لگا کر اس کو چومنا، یا ہاتھ سے اشارہ کرنا، اور آخری چکر کے آخر میں بھی اللہ اکبر کہنا	سنت	کچھ نہیں
	۷	طواف کے پہلے تین چکروں میں رمل (چھوٹے چھوٹے قدموں کے ساتھ تیز تیز دوڑنا) رمل صرف مردوں کے لئے ہے	سنت	کچھ نہیں
	۸	مرد طواف کے ساتوں چکر میں اضطباع کرے (یعنی اپنا داہنا کندھا کھلا رکھے اور کپڑے کو داہنے کندھے کے بغل سے نکال کر بائیں کندھے پر ڈال لیں)	سنت	کچھ نہیں
	۹	اگر ممکن ہو تو رکن یمانی کو دائیں ہاتھ سے چھونا (بوسہ اور چومنا ہے نہ اس کی طرف اشارہ کرنا)	سنت	کچھ نہیں
	۱۰	کسی عذر (وضو، نماز وغیرہ کے لئے) طواف کے دوران تھوڑی دیر کے لئے رکنا	جائز	کوئی حرج نہیں
	۱۱	رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان (اللھم ربنا آتنا فی الدنیا حسنة و فی الآخرة حسنة وقنا عذاب النار) پڑھنا	سنت	کچھ نہیں
	۱۲	طواف کے دوران دعاء مانگنا (ہر چکر کے لئے کوئی مخصوص دعا شریعت سے نہیں ثابت)	سنت	کچھ نہیں
(سنت)	۱	طواف مکمل کرنے کے بعد دونوں کندھوں کو ڈھانکنا	جائز	کوئی حرج نہیں، البتہ نماز میں ضروری ہے
مقام ابراھیم میں نماز پڑھنا	۲	مقام ابراھیم میں دو رکعت نماز پڑھنا (مسجد حرام کے اندر کہیں بھی یہ نماز پڑھ سکتا ہے)		کوئی حرج نہیں
	۳	مقام ابراھیم میں نماز سے پہلے واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی پڑھنا	سنت	کچھ نہیں
اور	۴	ان دو رکعتوں میں سے پہلی رکعت میں سورہ الفاتحہ کے بعد قل یا ایھا الکافرون اور قل ھو اللہ احد پڑھنا	سنت	کوئی حرج نہیں
زم زم	۵	زم زم کا پانی پینا اور نہانا	سنت	کوئی حرج نہیں
کا پانی پینا	۶	دو رکعت نماز کے بعد پھر جا کر حجر اسود کو بوسہ دینا یا اشارہ کرنا	سنت	کوئی حرج نہیں
(تیسرا رکن)	۱	صفا کے پاس پہنچ کر یہ آیت تلاوت کرنا: ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ۔۔۔۔ پھر یہ کہنا ابدأ بما بدأ اللہ بہ	سنت	کوئی حرج نہیں
صفا مروہ	۲	صفا اور مروہ پہنچ کر وہاں اوپر چڑھنا (صفا اور مروہ کی حدود پر پہنچ کر چڑھے بغیر وہاں ٹھہرنا بھی درست ہے)	سنت	کوئی نہیں چڑھ گیا تو کوئی حرج نہیں
کی سعی	۳	صفا اور مروہ پہنچ کر قبلہ کی طرف منہ کر کے، ہاتھ اٹھا کر دعا مانگنا اور اس سے پہلے یہ پڑھنا الحمد للہ، اللہ اکبر، لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریك له، له الملك، وله الحمد، وھو علیٰ کل شیء قدیر، لا الہ الا اللہ انجز وعدہ، ونصر عبدہ، وھزم الاحزاب وحدہ، ساتویں چکر کے آخر میں بھی یہ دعا	سنت	کوئی حرج نہیں
سعی کے سات	۴	پڑھنا مستحب ہے صفا مروہ کے درمیان سعی کے دوران ہری لائٹوں کے درمیان تیز دوڑنا (صرف مردوں کے لئے)	سنت	کوئی حرج نہیں
چکر ہیں	۵	سعی کے دوران دعا مانگنا (ہر چکر کے لئے کوئی مخصوص دعا نہیں ثابت)	سنت	کوئی حرج نہیں
صفا سے مروہ	۶	سعی کے دوران وضو، نماز وغیرہ کے لئے رکنا (وقفہ زیادہ نہ ہو)	جائز	کوئی حرج نہیں
تک جانا ایک چکر واپسی دوسرا چکر	۷	صفا مروہ کی سعی کے دوران باوضو رہنا	سنت	کوئی حرج نہیں
(واجب)	۱	سر کے منڈوانا یا کٹنگ کرانا، منڈوانا افضل ہے، (کٹنگ پورے سر کے بالوں کی ہونی چاہئے) عورت اپنی چوٹی سے انگلی کے ایک پور کے برابر کم کرلے	واجب	دم آئیگا
حلق یا کٹنگ	۲	حلق (منڈوانا) بہتر ہے اس لئے کہ نبی ﷺ نے حلق کروانے والوں کے لئے تین بار اور چھوٹے کرانے والوں کے لئے ایک بار دعا مانگی ہے	سنت	حلق کی جگہ کٹنگ کرائے تو کوئی حرج نہیں